RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

جلد ۷	مطبوعہ روز دو شنبہ تاریخ ۲۷ رمضان المبارک سنہ ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۲۵ مارچ سنہ ۱۸۹۵ عیسوی	نمبر ۱۲

فہرست مضامین

حکم حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

معروضہ عرضی منشی جگل کشور بدرخواست ترقی بوجہ [illegible] منشی [illegible] چند

منشی جگل کشور چونکہ کہن سال اور روزگار آزمودہ شخص ہیں لہذا دس روپیہ (۱۰) ماہوار منشی مذکور کی تنخواہ سابقہ پر اضافہ کیے جائیں لازم ہے کہ باطلاع و صوابدید صاحب سکرٹری بہادر منشی جگل کشور متعلقات دار الانشا کی نگرانی رکھیں احکام ضابطہ جاری ہوں نقل اجلاس صاحب سکرٹری بہادر میں مرسل ہو۔

[illegible]

حکم صاحب سکرٹری بہادر

حسب منشاء حکم حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم احکام ضابطہ جاری ہوں

۱۵ مارچ سنہ ۱۸۹۵ء

[illegible]

حکم اجلاس کامل - واقع ۵ مارچ ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل بحضور ہزہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ محمد حسین ولد علی بخش ملازم بٹیا بابو علی گی خدمت سے تعدادی ڈھائی روپیہ ماہانہ منظور رہے مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب جنرل بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر
حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر
احکام ضابطہ جاری ہوں - ۱۷ مارچ ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس کامل - واقع ۵ مارچ ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل بحضور ہزہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن شیخ واحد علی ولد حسن علی سپاہی رسالہ محمد عنایت حسین خان رسالدار یوم علیحدگی خدمت سے تعدادی دو روپیہ ماہانہ منظور ہے مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر
حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر
احکام ضابطہ جاری ہوں - ۱۷ مارچ ۱۸۹۵ عیسوی

حکم اجلاس کامل - واقع ۱۱ مارچ ۱۸۹۵ء

آج یہ مثل بحضور ہزہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی چٹھی گورنمنٹ ہند نمبری ۵۵۹۱ مورخہ ۲۳ فروری ۱۸۹۵ء دربارہ منظوری اضافہ دو سو روپیہ ماہوار ڈاکٹر مینی فولڈ صاحب بہادر ملاحظہ ہو کر کونسل کو اطلاع ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ تاریخ سند نشینی حضور پرنور یعنی ۴ اپریل ۱۸۸۹ء سے اضافہ مذکور ڈاکٹر مینی فولڈ صاحب بہادر کو دیا جاوے مثل باجلاس صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر مرسل ہو -

دستخط حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم
دستخط صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر
حکم اجلاس صاحب وائس پریذیڈنٹ بہادر
ایک نقل اطلاعاً بخدمت ڈاکٹر صاحب بہادر و ایک نقل دفتر محاسبہ کے پاس بھیجی جاوے
۱۸ مارچ ۱۸۹۵ء

نقل خلاصہ مقدمہ اضافہ دو سو روپیہ ماہوار ڈاکٹر مینی فولڈ صاحب بہادر

چٹھی گورنمنٹ آف انڈیا اس مضمون سے موصول ہوئی کہ گورنمنٹ ہند سرجن کیپٹن مسٹر مینی فولڈ صاحب بہادر کا دو سو روپیہ ماہوار اضافہ علاوہ تنخواہ موجودہ بسبب علاج خاندان عالی حضور پرنور دام اقبالہم منظور کرتی ہے بحکم صاحب سکرٹری بہادر مثل تفویض کونسل ہوے -

حکم اجلاس کامل - واقع ۱۱ مارچ ۱۸۹۵ عیسوی

آج یہ مثل بحضور ہزہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ پنشن رمضان خان وغیرہ ملازمان جنید صاحبہ حسب تصریح ذیل رمضان خان سے روپیہ ماہوار

نعمت اللہ خان عہ ماہوار - بشن خان عہ ماہوار - منظور رہے
مثل بنابر اجرائے احکام باجلاس صاحب ممبر اول بہادر مرسل ہو -
دستخط حضور پرنور جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر
حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر
احکام ضابطہ جاری ہوں اہلمد پنشنداران کو اطلاع دیجاوے -
۱۸ مارچ ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس کامل - واقع ۱۱ مارچ ۱۸۹۵ء عیسوی

آج پیش حضور پرنور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی رتی سنگہ و دیوا سنگہ سپاہیان کو رکہہ بوجہ قلت مدت ملازمت استحقاق پنشن نہیں رکہتے مگر چونکہ ضعیف ہو گئے ہیں لہذا بپرورش و ترحم خاص بطور پنشن دو دو روپیہ ماہوار تازیستگان تجویز کیجاتی ہے مثل بنابر اجرائے احکام باجلاس صاحب ریونیو ممبر اول بہادر مرسل ہو -
دستخط حضور پرنور جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر
حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر
احکام ضابطہ جاری کیے جائیں اہلمد پنشنداران کو بھی اطلاع دیجاوے -
۱۸ مارچ ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس کامل - واقع ۱۱ مارچ ۱۸۹۵ء

آج پیش حضور پرنور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی تحقیقات سے واضح ہے کہ علی حسن خان

ولد غلام حسن خان صوبہ دار کمپنی دوم کو استحقاق پنشن بوجہ قلت مدت ملازمت حاصل نہیں کرنیل راس صاحب بہادر نابرہ کی نسبت انعام تجویز کر کے حضور پرنور میں پیش کریں اور نسبت مصری سنگہ بالاتفاق تجویز ہوا کہ مبلغ چہ روپیہ ماہانہ پنشن مصری سنگہ ولد گنڈا سنگہ جمعدار کمپنی دوم مقرر کیجائے مثل بنابر اجرائے احکام باجلاس صاحب ممبر اول بہادر مرسل ہو اور نقل باجلاس کرنیل راس صاحب بہادر مرسل ہو
دستخط حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دستخط صاحب سکرٹری بہادر
حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر
احکام ضابطہ جاری ہوں اہلمد پنشنداران کو بھی اطلاع دیجاوے -
۱۸ مارچ ۱۸۹۵ء

حکم اجلاس کامل - واقع ۱۱ مارچ ۱۸۹۵ء

آج پیش حضور ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکہم باجلاس کونسل پیش ہوئی تحقیقات سے واضح ہے کہ اس سپاہی کی ملازمت تحصیلات وغیرہ میں زیادہ رہی ہے اور ملازمان سول کے لئے قاعدہ دیئے جانے پنشن کا نہیں ہے مگر بنظر پرورش و ترحم تجویز ہوتا ہے کہ صیغہ مصرف خیر سے دو روپیہ ماہانہ تاحیات بنام بہادر الدین خان سپاہی برخاست شدہ تحصیل ملک مقرر کیے جائیں مثل بنابر اجرائے احکام باجلاس حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم مرسل ہو -
دستخط حضور پرنور دام اقبالہم دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم اجلاس حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بہار الدین خان کو تاحیات ۶ روپیہ مصرف خیر سے ملا کرین —

احکام ضابطہ جاری ہون — ۱۸ مارچ ۱۸۹۵ء

[illegible]

روبکار اجلاس خانبہادر صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۱۹ مارچ ۱۸۹۵ء

سید غلام شبیر نایب تحصیلدار سوار علیل ہین اور ایک ماہ کی رخصت چاہتے ہین لہذا انکو ایک مہینہ کی رخصت دیجاوے اور بایام رخصت انکی کام کا انتظام حسب ذیل کیا جاوے —

منشی انوار حسین گرداور قانونگو سے حضور تحصیل کا نشانہ پانچ روپیہ ماہوار قائم مقام پیشکار تحصیل سوار مقرر ہوا اور بیس ۲۰ روپیہ ماہوار تنخواہ دیجاوے

سید صادق علی رجسٹرار قانونگوئی بجاے انوار حسین کے قائم مقام گرداور قانونگو سے مقرر کیا جاوے اور پچیس ۲۵ روپیہ ماہوار تنخواہ دیجاوے

عبدالواحد خان امیدوار قائم مقام رجسٹرار قانونگو سے مقرر کیا جاوے اور پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ دیجاوے —

حکم ہوا

موافق صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون —

[illegible]

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

کیفیت مندرجہ یادداشت صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر

یادداشت منشی صاحب [illegible] بابت لفظ [illegible] طریقہ حلف اہل ہنود

لفظ اشہد باللہ مخصوص ہے اہل اسلام کے لیے اہل ہنود پر اس لفظ کا اثر نہین ہو سکتا منشی صاحب [illegible] کی تحریر سے معلوم ہوا کہ ہنود سے حلف دو طریقہ سے لیا جاتا تھا یعنی بلفظ اشہد باللہ بھی اور پرمیشر کو حاضر و ناظر جانکر بھی — لہذا اہل ہنود کے لیے وہی الفاظ مناسب ہین کہ پرمیشر کو حاضر و ناظر جانکر سچ کہونگا اور سواے سچ کے اور کچھ نہ کہونگا — اہل ہنود کا حلف انہین الفاظ سے عدالتون مین لیا جاوے

نقل حکم ہذا سے ججی کو مطلع ہو — ۱۷ مارچ ۱۸۹۵ء

[illegible]

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا سے ۱۸ لغایت ۲۴ مارچ سنہ ۱۸۹۵ع

پرگنہ	تفصیل پیدائش: مرد – [illegible]	تفصیل پیدائش: مرد – [illegible]	تفصیل پیدائش: عورت – [illegible]	تفصیل پیدائش: عورت – [illegible]	تفصیل پیدائش: [illegible]	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب – [illegible]	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب – [illegible]	تفصیل فوتے: ایک سال سے [illegible] سال تک – مرد	تفصیل فوتے: ایک سال سے [illegible] سال تک – عورت	تفصیل فوتے: ۶ سال سے ۱۲ سال تک – مرد	تفصیل فوتے: ۶ سال سے ۱۲ سال تک – عورت	تفصیل فوتے: ۱۲ سال سے زیادہ – مرد	تفصیل فوتے: ۱۲ سال سے زیادہ – عورت	تفصیل فوتے: میزان – مرد	تفصیل فوتے: میزان – عورت	تفصیل فوتے: تفصیل مذہب – مسلمان	تفصیل فوتے: تفصیل مذہب – ہنود	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	کیفیت
شہر رامپور	۶	۱	۴	۲	۷	۱۳	۳	۵	۴	۰	۱	۳	۳	۸	۸	۱۴	۲	۰	۰	۰	۱۶	۱۶	۰
شاہ آباد	۲	۱۲	۹	۱۱	۴۰	۸	۲۳	۱	۳	۰	۰	۷	۴	۸	۷	۳	۹	۰	۰	۰	۱۵	۱۵	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۵	۷	۲	۵	۱۹	۷	۱۲	۳	۲	۱	۰	۲	۶	۵	۸	۹	۷	۰	۰	۰	۱۳	۱۳	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	〃
میزان	۱۳	۲۰	۱۵	۱۸	۶۶	۲۸	۳۸	۸	۹	۱	۱	۱۲	۱۳	۲۱	۲۳	۲۶	۱۸	۰	۰	۰	۴۴	۴۴	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۸ لغایت ۲۴ مارچ سنہ ۱۸۹۵ع

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۳ار	۱۳۰ار	۱۳۰۱ار	۱۵ار	۰	حضور تحصیل و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۱۸ار	۱۹ار	۱۹ار	۱۸ار	۰	
نخود کہنہ آمیز	۰	۰	۲۰۰ار	۲۰ار	۲۰۰ار	۰	
کرشہ	۰	۰	۲۱۰ار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۰ار	۱۰ار	۸۰ار	۹ار	۰	
مونگ	۰	۱۳ار	۱۱ار	۰	۰	۰	
مکا	۰	۰	۱۷ار	۱۷ار	۱۷ار	۰	
سبجے	۰	۰	۲۵ار	۰	۲۰۰ار	۰	
گوسجے	۰	۰	۱۸ار	۰	۱۷۰ار	۰	
عدس	۰	۲۰ار	۲۰ار	۰	۰	۰	
ارہر	۰	۰	۱۵ار	۰	۰	۰	
برنج	۰	۱۰ار	۱۱ار	۱۰۰ار	۱۱۰ار	۰	
روغن زرد	۰	۱ار	۱ار	۱ار	۱ار	۰	
روغن سیاہ	۰	۳ار	۲ار	۲ار	۳ار	۰	
روغن کنجد	۰	۲ار	۲ار	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۰	۸ار	۹ار	۹ار	۸ار	۰	
نمک لاہوری	۰	۷ار	۶ار	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۹۰ار	۹۰ار	۷ار	۱۰ار	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور